© rasailojaraid.com


طنز و مزاح

# زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

پاکستان میں عورت کیا مرد کو بھی اس کے حقوق نہیں ملے۔
(حنیف رامے)

صرف ہیجڑہ کامیاب ہے۔

اپوزیشن عورتوں والا رویہ چھوڑ دے۔ (ملک قاسم)

آپ بے نظیر کو چھوڑ دیں۔

سوئٹزرلینڈ میں ہمارا کوئی اکاؤنٹ نہیں۔ (نصرت بھٹو)

آپ نے تو یہ بھی کہا تھا کہ میرا بیٹا دہشت گرد نہیں۔

غریبوں کو لوٹنے کے لئے قیمتیں بڑھانے والوں کو ہرگز برداشت نہیں کریں گے۔ (وٹو)

غریب مزدوروں کو معمولی معاوضے کے لئے دن رات محنت کرتے ہوئے دیکھ کر دکھ ہوتا ہے۔ (بے نظیر)

مٹی کی بات کرتا ہے کس اہتمام سے
سونے کی سل پہ بیٹھ کر مر مر کا آدمی

اب دو بجے سکھ ہزار کا نعرہ نہیں لگے گا۔ (جے سالک)

اب چار بجے لکھ ہزار کا نعرہ لگے گا۔

بھارت میں ہوتی تو لوگ میری پوجا کرتے۔ (نور جہاں)

لعنت بے شمار! بکار سرکار!

پہلی سے چوتھی جماعت تک بغیر امتحان پروموشن کا فیصلہ۔ (ڈائریکٹر تعلیمات)

جو تھوڑی بہت تعلیم ہے وہ بھی ختم ہو جائے گی۔

تحریک عدم اعتماد آئی تو ہر قیمت پر وٹو کا ساتھ دیں گے۔ (مولانا ضیاالرحمان فاروقی)

آئینۂ ایام میں آپ اپنی ادا دیکھ

وزیراعظم کی ہدایت پر یوٹیلٹی سٹور پر اشیاء صرف کی قیمتوں میں ۱۰٪ کمی۔ (ایک خبر)

اور چینی فی پیکٹ ۱۰۰ گرام کم!

پاکستان کی کوئی حکومت امریکہ کی مرضی کے بغیر نہیں چلتی۔ (مولانا فضل الرحمن)

آپ بے نظیر کی مرضی کے بغیر نہیں چلتے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


دھمکیوں سے گبھرانے والے نہیں۔ (مصطفےٰ کھر)
اسی لئے ذوالفقار علی بھٹو کی گرفتاری پر ملک سے باہر بھاگ گئے تھے۔
ادبی تعلیم، اسمبلیاں اور اقتدار صرف بڑے لوگوں کے لئے ہے۔ (حنیف رامے)
یعنی پیپلز پارٹی غریبوں کی پارٹی نہیں ہے۔
راجیو گاندھی کی مدد کرنے سے متعلق مجھ سے منسوب بات غلط ہے۔ (بے نظیر)
مشرقی پنجاب کا مسئلہ حل کرنے میں راجیو کی مدد کی تھی۔ (بے نظیر)
دامن یار خدا ڈھانپ لے پردہ تیرا!
کاسمیٹک حکومت ملک و قوم کے لئے کچھ نہیں کر رہی۔ (صدیق کانجو)
نیل پالش لگانا شروع ہو گئی ہے۔
افطار پارٹی میں جے سالک کی شرکت! (ایک خبر)
سالن کے ڈونگے میں بینڈک کی چھلانگ! لعنت بر پدر فرنگ
ہم مسجد میں نماز پڑھنے اور نواز شریف سیاست کرنے جاتے ہیں۔ (شیخ رفیق)
الو گلو! گرمی لگے پنکھا جھلو!
میڈیا پر ہر قسم کے کنٹرول کے مخالف ہیں۔ (خالد کھرل وزیر اطلاعات)
نظر آتی ہے اک تصویر روز
اور وہی بے ربط سی تقریر روز
قومی اسمبلی کا اجلاس بلانا کوئی کھیل نہیں۔ (بے نظیر)
گالی گلوچ کی تیاری کرنا پڑتی ہے۔
مولوی عورتوں کو بنیادی حقوق سے محروم کرنے کے در پے ہیں۔ (فوزیہ حبیب)
گویا عیاشی، فحاشی، بے حیائی، اور عریانی بدمعاش مردوں سے مکس گیدرنگ۔ عورتوں کے بنیادی حقوق ہیں۔
کشمیر پر بے نظیر نے دلیرانہ موقف اختیار کیا۔ (مولانا فضل الرحمن)
سکھوں کے بارے میں بے نظیر کے انٹرویو سے پاکستان کی ساکھ بہتر ہوئی۔ (مولانا فضل الرحمن)
منہ کھائے! آنکھ شرمائے۔
لیڈی پولیس سٹیشن سے خطرناک ملزمہ فرار ہو گئی۔ (ایک خبر)
ہائے! میں مر گئی!
قرآن مجید کی بے حرمتی پر تھانیدار گرفتار (ایک خبر)

یہ مسلماں ہے جسے دیکھ کے شرمائیں یہود

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ربوہ میں قادیانیوں کا صد سالہ جشن ! (ایک خبر)

قادیانیوں لونڈوں اور ربوے کی حوروں کا سوشل کنٹریکٹ !

مسلم ممالک کی ویمن پارلیمنٹ قائم کریں گے۔ (بے نظیر)

ساری دنیا میں حکومت جو زنانی ہوگی
انکی لیڈر اک شیطان کی نانی ہوگی

چھ ماہ میں کرپشن ختم نہ کرسکا تو وزارت چھوڑ دوں گا (مصطفےٰ کھر)
کرپشن نہیں چھوڑوں گا۔

## مسافرین آخرت

مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن جناب کریم اللہ صاحب کے بھائی اور محمد مغیرہ صاحب کے چچا جناب حاجی برکت علی ۴ مارچ کو انتقال فرما گئے۔

مجلس احرار اسلام گجرات کے کارکن جناب لالہ امام الدین صاحب ولد احمد دین صاحب رمضان المبارک کی ستائیسویں شب مارچ کو وفات پا گئے۔

مجلس احرار اسلام لاہور کے قدیم کارکن محترم حاجی برکت علی صاحب یکے بعد دیگرے دو صدموں سے دوچار ہوئے ۳۱ دسمبر ۱۹۹۳ کو انکی اہلیہ محترمہ رحلت فرما گئیں۔ اور ۳۰ رمضان المبارک کو ان کے بڑے فرزند جاوید احمد صاحب انتقال کر گئے۔ مرحوم اعتکاف میں تھے۔ اور افطار کے بعد اعتکاف مکمل کر کے اجتماعی دعا کے بعد گھر لوٹے تو طبیعت اچانک بگڑ گئی اور اللہ کو پیارے ہو گئے۔

ملتان سے ہمارے کرم فرما محترم ماسٹر محمد رمضان چغتائی کے والد ماجد رمضان المبارک میں انتقال فرما گئے۔

مدرسہ ... ملتان کے متعلم حافظ محمد سعید کی دادی صاحبہ رمضان المبارک میں وفات پا گئیں۔

اراکین ادارہ تمام مرحومین کے لئے دعا گو ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے اور مغفرت فرمائے۔ اس کے ساتھ ساتھ لواحقین سے تعزیت مسنونہ کرتے ہیں اور ان کے لئے صبر کی دعا کرتے ہیں۔ قارئین سے بھی درخواست ہے کہ وہ انکی مغفرت کے لئے خصوصی دعاؤں اور ایصالِ ثواب کا اہتمام کریں۔

بقیہ صـ ۵۷

سیکرٹری جنگلات، سیکرٹری امداد باہمی دو مرتبہ سیکرٹری سوشل ویلفیئر اور اب سیکرٹری بلدیات پنجاب مقرر ہوئے ہیں اور اب بھی سوشل ویلفیئر کا اضافی چارج ان کے پاس رہے گا۔ بلدیات، خزانہ اور ایل ڈی اے میں قادیانی نواز افسر لگا دیئے گئے ہیں۔ اب تو چیف سیکرٹری پنجاب جاوید احمد قریشی کے بارے میں بھی یہ سننے میں آرہا ہے کہ ان کی رشتہ داری کا ناطہ بھی قادیانیوں سے جا ملتا ہے۔ میجر ضیاء الحسن کو ڈائریکٹر انٹی کرپشن پنجاب کی سیٹ پر بھی پی سی ایس حضرات کی نظر ہے اور کچھ بعید نہیں کہ آئی جی پنجاب عباس خاں کو موقع ملتے ہی تبدیل کر کے پھر سے قادیانی نواز ر۔ لنگر غلام اصغر کو لے آیا جائے

بشکریہ ہفت روزہ "چٹان" لاہور۔ ۱۰ مارچ ۱۹۹۴ء

© rasailojaraid.com